19/11/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل نو گام سرینگر میں دھماکے میں جان ب□ق ہوئے چند افراد کے گھر جا کر ان کے اہلِ خانہ سے تعزیت کی ۔ انہوں نے لو□قین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے □کومت کی طرف سے انہیں ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی ۔

عمر عبداللہ نے اسپتال جا کر اس واقعہ میں زخمی ہوئے چند افراد کی عیادت بھی کی ۔ بعد میں میڈیا نمائندوں سے بات کر تے ہوئے انہوننے کہا ۔

ایل جی ملاقات

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر عبد الغنی کوہلی نے کل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ انہوں نے مختلف معاملات پر بات چیت کی ۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کل ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جموں و کشمیر کے سبھی اضلاع میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے ت□ت کثیر م□کمہ جاتی کوششوں اور پیشرفت کا جائزہ لیا۔ منشیات کی بدعت کا قلع قمع کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے چیف سیکرٹری نے پرنسپل سیکرٹری ہوم کی نگرانی میں ایک وقف ٹاسک فورس تشکیل دینے کی بھی ہدایت دی۔ انہوں نے ہر پنچایت ، ہیلتھ سینٹر ، ہائی اور ہائر سکینڈری سکول نیز کالجوں کے لئے کاو

نسلروں کو تربیت فراہم کرنے کی ضرورت بھی ۂ
ا

جاگر کی-±

ڈویژنل کمشنر نشہ

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے نشہ مکت بھارت ابھیان کے پانچ سال مکمل ہونے کی مناسبت سے کل اپنے دفتر کے افسران اور ملازمین کو نشہ مکت □لف دلایا۔ اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے نشہ خوری کے خلاف انتظامیہ کے غیر متزلزل ارادے اور عزم کا اعادہ کیا۔

اسی دوران منی سیکرٹریٹ گاند ربل میں بھی ڈپٹی کمشنر جتن کشور نے افسران اور ملازمین کو نشہ مکت □لف دلایا۔ انہوں نے کہا کہ نشہ خوری نے سماج کے اندر کئی مسائل پیدا کئے ہیں اور سماج کی ذمہ داری بنتی ہے کہ اس بدعت کا قلع قمع کرنے کے لئے کوششیں کی جائیں۔

بانڈی پورہ میں بھی اسی طرح کی ایک تقریب کے دوران نشہ سے پاک سماج کی تشکیل کے لئے کام کرنے کا عزم دہرایا گیا ۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

کپواڑه ميں بهی نشہ مکت بهارت ابهيان کے پانچ سال مکمل ہونے پر حلف برداری کی تقريب منعقد ہوئی ۔ ڈپٹی کمشنر کپواڑه شری کانت سوسے نے اپنے ملازمين کو نشہ مکت حلف دلايا۔
ا ُدهر شوپيان، بڈگام اور اننت ناگ ميں بهی متعلقہ ڈپٹی کمشنر وں نے ملازمين کو نشہ مکت حلف دلايا۔
سماجی بہبود محکمے کے کمشنر سيکريٹری سرمد حفيظ نے کل جموں ميں نشہ مکت بهارت ابهيان کے پانچ سال مکمل ہونے پر ايک تقريب کی صدارت کی جس دوران کمشنر سيکريٹری نے نشے کے مضر اثرات کے بارے ميں جانکاری دی ۔ کی SMC سرينگر ميونسپل کارپوريشن کے دفتر ميں بهی کل اپنے ملازمين کو نشہ مکت حلف دلايا گيا ۔يہ حلف برداری کمشنر ايڈمنسٹريشن نذہت قريشی کی نگرانی ميں انجام دی گئی ۔ Joint

ڈلو تعزيت
چيف سيکريٹری اٹل ڈلو نے کل جموں ميں اپنے پرسنل اسسٹنٹ سُجيت مٹو کے گهر جا کر ان کے والده کے انتقال پر ان سے تعزيت کی ۔ انہوں نے اس موقعہ پر سوگوار کنبے کے ساته ہمدردی کا اظہار کيا ۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام
ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدين بٹ نے کل نارکو کوآرڈنيشن کميٹی کی 41 ويں ڈسٹرکٹ ليول ميٹنگ کی صدارت کی ۔ ميٹنگ کے دوران منشيات کے خلاف ضلع ميں ہو رہی کاروائيوں کے بارے ميں تفصيلی جانکاریحاصل کی گئی ۔ ميٹنگ ميں کہا گيا کہ رواں برس ضلع ميں 70 کنال سے زائد زمين پر بهنگ کی کاشت کو تباه کيا گيا ۔

نيشنل سکول گيمز
مقابلے جاری ہيں۔ Taek-wondo جموں ميں 69 ويں نيشنل سکول گيمز کے تحت لڑکيوں کے انڈر 19 زمرے کے
کل کے مقابلوں ميں 59 کلو گرام زمرے ميں کشميرکی اربينہ الطاف،68 کلو گرام زمرے ميں ہر يانہ کی پوجا اور 46 کلو نے گولڈ ميڈل حاصل کئے ۔ Sneha گرام زمرے ميں اترا کهنڈ کی
اور دوسرے کهلاڑيوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کچه اس Soumya Aikat آکاشوانی نيوز سرينگرکے ساته بات کر تے ہوئے طرح کيا ۔
واضح رہے کہ يہ کهيل مقابلے آج اختتام پذير ہو رہے ہيں ۔
درجہحرارت

سرينگر ميں رات کا کم سے کم درجہحرارت منفی1اعشاريہ 7ڈگری جبکہ جموں ميں رات کا کم سے کم درجہحرارت 11 اعشاريہ 6 ڈگری سيلسيس ريکارڈ کيا گيا ۔

اس کے ساته ہی خبروں کا يہ بليٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بليٹن دن ميں باره بج کر تيس منٹ پر اردو ميں نشر ہو گا ۔

ہميں ديجئے اجازت
خداحافظ